قرآن اور سجع، لفظ آلاء کی تحقیق جیسے موضوعات پر نہایت قیمتی مباحث ان مقالات میں ملتے ہیں۔اس کے علاوہ کچھ مقالات میں بعض مشکل قرآنی آیات کی دل نشیں تشریح کی گئی ہے اور قرآنی آیات کے حوالہ سے تقویٰ، خلوص، مومن کی مطلوبہ صفات اور نجات کے قرآنی تصور پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔اس جدید ایڈیشن میں جامع اشاریہ اور کتابیات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

ظفرالاسلام اصلاحی کی کتاب ''قرآنی افکار وتعلیمات اور موجودہ دور میں ان کی معنویت'' یونیورسل بک ہاؤس (شمشاد مارکٹ، علی گڑھ) سے ۲۰۰۸ء میں شایع ہوئی تھی اور اس کا حق طباعت ادارہ علوم القرآن کے لیے محفوظ قرار دیا گیا تھا، یہ کتاب بھی آؤٹ آف اسٹاک ہوگئی تھی۔اس کی عام افادیت کے پیش نظر ادارہ علوم القرآن نے اس کی دوبارہ طباعت کا فیصلہ لیا۔مصنف نے قدیم مسودہ پر نظر ثانی کی اور اس میں دو باب کا اضافہ کیا ہے۔اب یہ کتاب از سر نو ادارہ کے زیر اہتمام شایع ہورہی ہے۔ یہ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے اور ان کے تحت یہ موضوعات زیر بحث آئے ہیں۔شاہ ولی اللہ کی تحریک رجوع الی اللہ والسنۃ اور موجودہ دور میں اس کی معنویت، قرآن کا تصورِ عبادت، قرآن کا تصورِ امانت، قرآن کریم کا تصورِ حقوق انسانی، قرآن مجید کا تصورِ عدل اور معاشرتی امن وامان، قرآن حکیم اور عقلی استدلال، قرآن عظیم-مغربی تہذیب کے لیے سب سے بڑا چیلنج۔

''قرآنی مقالات'' ۳۳۶ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ۲۵۰ روپے ہے اور ''قرآنی افکار وتعلیمات اور موجودہ دور میں ان کی معنویت'' ۱۶۰ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت سو روپے ہے۔

نتیجہ مسابقہ مقالہ نویسی ۲۰۱۲ء

ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام گذشتہ چار برس سے قرآنی موضوعات پر مقالہ نویسی کے مسابقہ کا سلسلہ جاری ہے۔۲۰۱۲ء میں بھی اس مسابقہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔سو سے زائد مقالہ نگاران اس میں شریک ہوئے، مسابقہ کے نتیجہ کا اعلان کردیا گیا ہے۔اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

گروپ A - غیر مسلم اسکالر و دانشوران
موضوع: قرآن مجید - سب کے لیے

اس گروپ میں درج ذیل شرکاء کو انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔

۱-	ابھیجیت کمار بن سنیل کمار	آدرش نگر، مظفر پور، بہار	پہلا انعام	20,000/-
۲-	(ایک اسکالر جو اپنا نام ظاہر نہیں کرنا چاہتے)		دوسرا انعام	15,000/-
۳-	گورکھ پرساد دکھی لال	بلریا گنج، اعظم گڑھ	تیسرا انعام	12,000/-

گروپ B - مسلم طلبہ مدارس و عصری جامعات
موضوع: کیا قرآن مجید سمجھ کر پڑھنا ضروری ہے؟

اس گروپ میں درج ذیل شرکاء کو انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔

۱-	محمد اکمل	جامعہ اسلامیہ شانتا پورم، کیرالا	پہلا انعام	10,000/-
۲-	طوبیٰ انیس	جامعۃ الصلاح، نصیر پور، اعظم گڑھ	دوسرا انعام	8000/-
۳-	اشفاق احمد وصی اللہ	جامعہ اسلامیہ سنابل، ابوالفضل، نئی دہلی	تیسرا انعام	6000/-
۴-	اسماء فیروز بنت فیروز احمد	مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی	تشجیعی انعام	1000/-
۵-	عصمت جہاں بنت عبدالرحمن	ایم-ایم-ڈگری کالج، منگراواں، اعظم گڑھ	تشجیعی انعام	1000/-
۶-	محمد مرسلین بن محمد ہاشم	ندوۃ العلماء، لکھنؤ	تشجیعی انعام	1000/-
۷-	محمد فہیم بن محمد عثمان	مدرسۃ الاصلاح سرائے میر، اعظم گڑھ	تشجیعی انعام	1000/-
۸-	فضل محمد فشوش	علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ	تشجیعی انعام	1000/-
۹-	زین العابدین-کے	جامعہ مہاتما گاندھی، کیرالا	تشجیعی انعام	1000/-
۱۰-	محمد محسن بن محمد ہاشم	ندوۃ العلماء، لکھنؤ	تشجیعی انعام	1000/-

پروفیسر اشتیاق احمد ظلی
صدر ادارہ علوم القرآن

اشہد جمال ندوی
کنوینر مسابقہ